Meanwhile, Chief Minister Balochistan Mir Sarfaraz Bugti has termed the establishment of the first AI lab for women entrepreneurs in Balochistan as a historic step towards economic stability and women empowerment and expressed happiness over this development. In his response to the tweet of Advisor on Women Development Department Dr. Rubaba Khan Buledi on social networking website X, Chief Minister Balochistan Mir Sarfaraz Bugti said that the inauguration of the first AI lab for women entrepreneurs in the province is apparently a small step, but in fact it is a big step towards making women economically stable, independent and compatible with modern technology. He said that in the first phase, training of 20 women entrepreneurs has been started, while this program will be expanded to all districts of Balochistan in phases so that more and more women can use modern technology. The Chief Minister of Balochistan said that terrorist elements want to mislead women and turn them into suicide bombers, however, the Balochistan government is guiding women and youth towards a positive and secure future by providing them with development, education, skills and employment opportunities. He said that projects like the Pink Scooty Scheme, scholarships, provision of loans on easy terms and AI Lab are practical efforts to provide women with an independent, dignified and bright future.

Mir Sarfaraz Bugti reiterated the commitment that the development of women and youth, quality education, skills and economic independence are among the top priorities of the Balochistan government and all available resources will be utilized to achieve the goal.

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 — Dated: 23 MAY 2026 — Page No. 13


## اعلیٰ تعلیم کا فروغ اور طلبہ کو بہتر تعلیمی ماحول کی فراہمی اولین ترجیح ہے، صوبائی وزراء

راحیلہ درانی کی زیر صدارت اجلاس، صوبائی وزیر خزانہ اور متعلقہ حکام کی شرکت، کالجوں کو درپیش مالی مشکلات پر غور

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے کالجوں کو درپیش مالی مشکلات اور ترقیاتی امور کے حل کیلئے ایک اہم اجلاس صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی اور صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی اور دیگر متعلقہ اداروں کے حکام نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں صوبے کے مختلف کالجوں کو درپیش مالی مسائل، ترقیاتی منصوبوں، بنیادی [illegible] کی فراہمی اور تعلیمی معیار کی بہتری [illegible] جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر [illegible] خان درانی اور میر شعیب [illegible] تان میں اعلیٰ تعلیم کے [illegible] ول فراہم کرنا حکومت کی [illegible] ے مسائل کے حل کیلئے عملی اور [illegible] ئیں گے تا کہ تعلیمی اداروں کی کا[illegible] بنائی جاسکے۔


MASHRIQ QUETTA


# طلبہ کو بہتر تعلیمی ماحول فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، راحیلہ درانی

## کالجز کو درپیش مسائل کے حل کیلئے عملی اور موثر اقدامات اٹھائیں گے، راحیلہ حمید خان درانی

### صوبے میں تعلیمی اداروں کی کارکردگی مزید بہتر بنائی جائے گی، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے کالجز کو درپیش مالی مشکلات اور ترقیاتی امور کے حل کیلئے ایک اہم اجلاس صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی اور صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی اور دیگر متعلقہ اداروں کے حکام نے بھی شرکت کی اجلاس میں صوبے کے مختلف کالجز کو درپیش مالی مسائل، ترقیاتی منصوبوں، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور تعلیمی معیار کی بہتری سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اس موقع پر صوبائی وزراء راحیلہ حمید خان درانی اور میر شعیب نوشیروانی نے.........

بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

کہا کہ بلوچستان میں اعلیٰ تعلیم کے فروغ اور طلبہ کو بہتر تعلیمی ماحول فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، جبکہ کالجز کو درپیش مسائل کے حل کیلئے عملی اور موثر اقدامات اٹھائیں گے تا کہ تعلیمی اداروں کی کارکردگی مزید بہتر بنائی جاسکے۔

## محکمہ مواصلات وتعمیرات کو جدید خطوط پر استوار کرینگے، وزیر

### قومی شاہراہوں کی توسیع وتعمیر کیلئے ہنگامی بنیادوں پر کام جاری ہے، میر سلیم کھوسہ

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر وصوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ قومی شاہراہوں کی توسیع تعمیر وترقی کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائیں گے تاکہ عوام اسے استفادہ حاصل کرسکیں اور سفری سہولیات میسر ہو محکمے کو جدید خطوط پر استوار کرینگے محکمہ کے افسران ودیگر سٹاف ایماندار سے اپنی ڈ.........

بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

یوٹی سرانجام دیں غفلت برتنے والوں کے خلاف محکمانہ کارروائی کی جائے گی، یہ بات انہوں نے ملنے والی مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ وفاقی وصوبائی حکومتیں عوام مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہے وفاقی حکومت کے تعاون سے جلد صوبہ بھر کے قومی شاہراہوں کی تعمیر وترقی کیلئے اقدامات اٹھائیں گے اور بلوچستان کے قومی شاہرادوں کی توسیع تعمیر وترقی وفاقی وصوبائی حکومتوں کی اولین ترجیح ہے انہوں نے کہا کہ محکمہ مواصلات وتعمیرات کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے گا محکمے میں کوئی غفلت اور کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی غفلت اور کوتاہی برتنے والوں کے خلاف بھرپور کارروائی عمل میں لائینگے کیونکہ غفلت اور کوتاہی برتنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہے انہوں نے کہا کہ ہماری اولین ترجیح عوام کے مسائل کا حل ہے اوران کو ترجیع بنیادوں پر حل اوران کی دہلیز پر حل کیے جائیں گے۔

## صوبائی حکومت ہمہ جہت ترقی کیلئے کوشاں ہے، بخت محمد کاکڑ

### اساتذہ کے ساتھ ڈاکٹروں کے جائز مسائل بھی ضرور حل کیے جائیں گے

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبے میں تعلیم، صحت اور پانی کی سہولیات فراہم کرنے کیلئے صوبائی حکومت بھرپور اقدامات اٹھارہی ہے ہماری کوشش ہوگی کہ اساتذہ کے ساتھ ساتھ ڈاکٹروں کا بھی جائز مسائل حل کرکے صوبے کے ہسپتالوں کو ترقی اور مریضوں کے مسائل کا خاتمہ کرسکے، یہ بات انہوں نے گزشتہ روز میڈیا .........

بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

سے بات چیت کرتے ہوئے کیا بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت صوبے کے تین بڑے اور بنیادی مسائل جس میں تعلیم، صحت اور پانی شامل ہے ان مسائل کے خاتمے کیلئے وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر تمام اضلاع میں ہنگامی بنیادوں پر کام جاری ہے صوبے کے تمام اضلاع کے ہسپتالوں کو سہولیات فراہم کرنا صوبائی حکومت کی زمہ داری ہے ہسپتال میں اگر ڈاکٹرز موجود ہو تو مریضوں کے مشکلات میں کمی آسکتی ہے

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 23 MAY 2026 Page No. 14

MASHRIQ QUETTA

## 80 کروڑ کی لاگت سے کوئٹہ بی شاہراہ کو کشادہ کرنے کا کام مکمل

**...اور پیر پنجہ، پنجرہ پل سے دربی اور گوکرت سیکشن کے بیس کلومیٹر حصوں کو چالیس فٹ تک چوڑا کیا گیا**

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سے بی تک 160 کلومیٹر قومی شاہراہ کو کشادہ کرنے کا کام مکمل کرلیا، شاہراہ کے بیس کلومیٹر حصے کو نہ صرف چوڑا کیا اس کے ساتھ ساتھ راستے میں آنے والی دو سرنگوں کو وسیع کر دیا گیا۔ جنرل منیجر این ایچ اے بلوچستان آغا عنایت کے مطابق این ایچ اے نے ایک ارب 80 کروڑ روپے لاگت سے کوئٹہ بی شاہراہ کی مرمت و کشادگی کا منصوبہ مکمل کرلیا ہے، 160 کلومیٹر طویل شاہراہ کو نہ صرف مرمت کر کے اس کو بلیک ٹاپ کیا گیا بلکہ دوزان اور پیر پنجہ، پنجرہ پل سے دربی اور گوکرت سیکشن کے بیس کلومیٹر حصوں کو بارہ سے چوڑا کر کے اسے چالیس فٹ وسیع کر دیا ہے۔ جنرل منیجر این ایچ اے بلوچستان نے بتایا کہ ڈھاڈر کے قریب انگریز دور کی دو سرنگوں کو بھی چوڑا کیا گیا جس اب دو بڑی گاڑیاں بھی گزر سکتی ہیں، ان کا کہنا تھا کہ پہلے بولان میں قومی شاہراہ کے بند ہونے کے واقعات معمول تھے لیکن اس شاہراہ کو چوڑا کرنا ٹریفک جام کا مسئلہ حل ہوگیا ہے۔

## صوبائی کابینہ کی منظوری، بلوچستان کے اضلاع 42 اور ڈویژنز 11 ہوگئے

**نئے اضلاع کوئٹہ، چاغی اور خضدار کو تقسیم کر کے بنائے گئے ہیں، شاہد رند کی کابینہ اجلاس میں نئے انتظامی یونٹس سے متعلق فیصلے کی تصدیق**

**صوبائی دارالحکومت کو دو اضلاع، کوئٹہ ایسٹ اور کوئٹہ ویسٹ میں تقسیم کرنے کی منظوری، ریلوے ٹریک اضلاع کے درمیان حد بندی تصور ہوگا**

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان کی کابینہ نے صوبے میں مزید تین نئے اضلاع اور ایک نئے ڈویژن کے قیام کی منظوری دے دی۔ جس کے بعد بلوچستان میں اضلاع کی تعداد بڑھ کر 42 جبکہ ڈویژنز کی تعداد 11 ہوگئی۔ نئے اضلاع کوئٹہ، چاغی اور ......... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

خضدار کو تقسیم کر کے بنائے گئے ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق نئے اضلاع، ڈویژنز اور انتظامی یونٹس کے قیام کی منظوری کوئٹہ میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت ہونے والے حالیہ کابینہ اجلاس میں دی گئی۔ تاہم اس حوالے سے سرکاری طور پر کوئی بیان جاری نہیں کیا گیا۔ سیاسی اور میڈیا امور سے متعلق وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاون شاہد رند نے ایک انٹرویو میں تصدیق کی کہ کابینہ اجلاس میں نئے انتظامی یونٹس سے متعلق فیصلے کیے گئے ہیں تاہم انہوں نے اس کی مکمل تفصیلات نہیں بتائیں۔ کابینہ ذرائع اور دستاویزات کے مطابق کابینہ نے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کو دو اضلاع، کوئٹہ ایسٹ اور کوئٹہ ویسٹ میں تقسیم کرنے کی منظوری دی ہے۔ فیصلے کے مطابق ریلوے ٹریک دونوں اضلاع کے درمیان حد بندی تصور ہوگا۔ ریلوے لائن کے ایک جانب کوئٹہ ویسٹ جبکہ دوسری جانب کوئٹہ ایسٹ ہو گا۔ کوئٹہ ویسٹ میں بروری کے نام سے نئی سب ڈویژن قائم کی جائے گی جبکہ مستونگ کو قلات ڈویژن سے نکال کر کوئٹہ ڈویژن میں شامل کرنے کی باضابطہ منظوری دے دی گئی۔ اجلاس میں وڈھ کو خضدار سے الگ کر کے نیا ضلع بنانے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔ اس ضلعے میں وڈھ، نال اور اورناچ شامل ہوں گے۔ وڈھ اور نال کو تحصیل جبکہ آرنجی، اورناچ اور گریشہ کو سب تحصیل کا درجہ دے دیا گیا۔ کابینہ نے قلات ڈویژن کو تقسیم کر کے لسبیلہ کے نام سے نئے ڈویژن کے قیام کی منظوری بھی دی جس میں لسبیلہ، حب اور آواران کے اضلاع شامل ہوں گے۔ سابق قلات ڈویژن اب خضدار ڈویژن کہلائے گا جس کا ہیڈکوارٹر خضدار ہوگا۔

## کوئٹہ جواء خانہ کیخلاف نوٹس، ایس ایچ او قائد آباد معطل

**کسی بھی علاقے سے ایسی اطلاع ملی تو اس کے ایس ایچ او کو معطل کیا جائیگا، ڈی آئی جی عمران شوکت**

کوئٹہ (آن لائن) ڈی آئی جی عمران شوکت نے کہا ہے کہ قائد آباد تھانے کی حدود میں جواء خانہ کے اڈوں کی اطلاع ملی کہ قائد آباد ایریا میں جواء خانہ کے اڈے سرگرم ہیں اطلاع ملتے ہی اسپیشل ٹیم تشکیل دے دی اسپیشل ٹیم کا کامیاب ریڈ، جواء خانہ سے نقدی اور آلات قمار بازی برآمد غیر قانونی سرگرمیاں مبینہ طور پر ایس ایچ او قائد آباد کی نااہلی تھی ایس ایچ او قائد آباد انسپکٹر عبدالباسط غفلت لاپرواہی اور نااہلی پر معطل، کر دیا گیا کسی بھی علاقہ میں اگر کسی ......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

بھی علاقے سے ایسی اطلاع ملی تو اس کے ایس ایچ او کو معطل کیا جائیگا منشیات فروشوں، جواء خانوں اور جرائم پیشہ عناصر کیلئے کوئی رعایت نہیں کسی بھی تھانہ کی حدود میں منشیات، جواء خانہ یا غیر قانونی اڈہ ملا تو متعلقہ ایس ایچ او کیخلاف کارروائی ہوگی ڈی آئی جی عمران شوکت کا سخت پیغام، غفلت یا جرائم کی سرپرستی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی کوئٹہ پولیس کا شہر بھر میں منشیات فروشوں اور جواریوں کے خلاف شکنجہ مزید سخت کر دیا گیا ہے قانون شکن عناصر کے ساتھ ساتھ ان کے سہولت کار بھی کارروائی کی زد میں آئیں گے، جنکے خلاف محکمانہ و قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی عوام سے بھی اپیل کی جاتی ہے کہ اگر انہیں کسی قسم کی اطلاع ہو تو فوراً 15 یا پولیس کنٹرول کو اطلاع دیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 23 MAY 2026 Page No. 12

# بلوچستان کے مسائل پر آواز بلند کرتے رہیں گے، رضا ربانی/لشکری رئیسانی

18ویں آئینی ترمیم پرامن انتقال اختیارات وفاق اور قومی اکائیوں میں ایک عمرانی معاہدے کی حیثیت رکھتا تھا' نوابزادہ لشکری رئیسانی

بلوچستان کے اجتماعی قومی معاملات پر مستقبل میں بھی رابطے جاری رکھنے پر اتفاق کیا' رہنماؤں کی ٹیلیفونک بات چیت

کوئٹہ (ب ر) سینئر سیاستدان وسابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی کا سابق چیئرمین سینیٹ میاں رضا ربانی سے ٹیلی فونک رابطہ، بلوچستان میں اٹھارویں آئینی ترمیم، انسانی حقوق کی پامالیوں، وسائل کو وفاق کے حوالے کرنے، ظلم 'جبر ونا انصافیوں کیخلاف آواز اٹھاتے ہوئے کردار ادا کرنے کا مطالبہ کیا جمعہ کے روز سینئر سیاستدان وسابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے سابق چیئرمین سینیٹ واٹھارویں آئینی ترمیم کمیٹی کے چیئرمین میاں رضا ربانی سے ٹیلی فونک رابطہ کرتے ہوئے کہا کہ آئین کا حلیہ بگاڑ دیا گیا ..........

بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

ہے تاہم اٹھارویں آئینی ترمیم جس کی تشکیل میں 'میں نے بھی اپنا کردار ادا کیا اس کے تحت یہ کوشش کی گئی کہ قومی اکائیوں اور وفاق کے درمیان ایک عمرانی معاہدہ ہوا، اٹھارویں آئینی ترمیم پرامن انتقال اختیارات وفاق اور قومی اکائیوں میں ایک عمرانی معاہدے کی حیثیت رکھتا تھا آج بلوچستان کے تمام وسائل کو جعلی قانون سازی کے تحت لوٹ کر اسلام آباد کو دیا جارہا ہے، بلوچستان میں بنیادی حقوق کو روزانہ کی بنیاد پر پامال کیا جارہا ہے، انہوں نے کہا کہ وفاق اور آئین کی بالادستی پر یقین رکھنے والے لوگوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ بلوچستان میں ظلم جبر وناانصافیوں کیخلاف آواز اٹھاتے ہوئے اپنا کردار ادا کریں، اس موقع پر سابق چیئرمین سینیٹ میاں رضا ربانی نے کہا کہ بلوچستان کے معاملات پر وہ اپنی آواز اٹھاتے آرہے ہیں اس حوالے سے اپوزیشن جماعتوں سے بھی ملاقاتیں کی ہیں آگے بھی وہ اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے ،اس موقع پر دونوں رہنماؤں نے بلوچستان کے اجتماعی قومی معاملات پر مستقبل میں بھی رابطے جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔

# 3 افراد کے اغواء اور مانگی ڈیم واقعہ میں ملوث عناصر کو گرفتار کیا جائے، این پی

بلوچستان بدامنی، بیروزگاری کا شکار' ٹرانسپورٹ اور کوئلے کے کاروبار سے ہزاروں خاندانوں کا روزگار وابستہ ہے

مانگی ڈیم میں پیش آنے والے واقعہ قابل مذمت' صوبے میں پائیدار امن کے قیام کیلئے سیاسی وسماجی قوتوں کو کردار ادا کرنا ہوگا' صوبائی ترجمان

کوئٹہ (آئی این پی) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی ترجمان نے ہرنائی اور زیارت کے علاقے مانگی میں کوئلے سے لدے ٹرکوں کو نذر آتش اور وہاں سے تین افراد کو اغواء کرنے کے افسوسناک واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے واقعات صوبے کے امن، معیشت اور عوام کے روزگار پر براہ راست حملے کے مترادف ہیں بیان میں کہا گیا کہ بلوچستان پہلے ہی بدامنی، بے روزگاری اور معاشی مشکلات کا شکار ہے، جبکہ ٹرانسپورٹ اور کوئلے کے کاروبار سے ہزاروں خاندانوں کا روزگار وابستہ ہے ٹرکوں کو جلانے اور خوف و ہراس پھیلا.........

بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

نے جیسے اقدامات سے نہ صرف کاروباری سرگرمیاں متاثر ہوتی ہیں بلکہ محنت کش طبقہ بھی شدید مشکلات سے دوچار ہو جاتا ہے صوبائی ترجمان نے حکومت اور متعلقہ سیکیورٹی اداروں سے مطالبہ کیا کہ واقعہ میں ملوث عناصر کے خلاف فوری کارروائی عمل میں لائی جائے اور قومی شاہراہوں سمیت اہم تجارتی راستوں کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام خود کو محفوظ محسوس کرسکیں بیان میں مزید کہا گیا کہ عوامی نیشنل پارٹی ہمیشہ امن، جمہوریت اور سیاسی استحکام پر یقین رکھتی ہے

# ایسی پالیسیاں ترک کی جائیں جو آئین کیخلاف ہوں' بی این پی

ایسے اقدامات ناقابل برداشت ہیں' مرکزی بیان

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی بیان میں لاپتہ افراد کی جانب سے کوئٹہ پریس کلب کے سامنے سالوں سے لگائے گئے کیمپ کو ختم کروانے کیلئے مختلف حربوں کے استعمال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ پارٹی نے ہر دور میں بلوچستان سمیت ملک بھر کے تمام لاپتہ افراد کی بازیابی کیلئے ہمیشہ موثر انداز میں اپنا سیاسی کردار ادا کیا ہے پارٹی سمجھتی ہے کہ یہ مسئلہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے پارٹی نے ہمیشہ اصولی دو ٹوک موقف..........

بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

اپنایا کہ لاپتہ افراد کو جلد منظر عام پر لایا جائے تاکہ بلوچستان کے عوام میں پائی جانے والی تشویش میں کمی آسکے بیان میں کہا گیا کہ پہلے بلوچستان اب پورے ملک سے لوگ لاپتہ ہو رہے ہیں انسانی حقوق کی پامالیوں کا سلسلہ بند کیا جائے پارٹی نے ہمیشہ واضح موقف اپنایا کہ ایسی پالیسیاں ترک کی جائیں جو آئین کے خلاف ہوں ایسے اقدامات ناقابل برداشت ہیں۔

CLIPPING SERVICE

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 23 MAY 2026

Page No. 16

# مہنگائی، بدامنی، لاقانونیت کیخلاف بلوچستان بھر میں جمعیت کے مظاہرے

**عوام دو وقت کی روٹی، روزگار اور امن کیلئے پریشان، حکمران شاہ خرچیوں اور ناکام پالیسیوں میں مصروف ہیں، مولانا واسع اور دیگر رہنماؤں کا خطاب**

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کی جانب سے بلوچستان بھر میں مہنگائی، بدامنی، لاقانونیت، پٹرولیم مصنوعات میں من مانی اضافے اور حکومت کی شاہ خرچیوں کے خلاف احتجاجی ریلیاں، مظاہرے منعقد کیے گئے، جن میں عوام، علماء کرام، قبائلی عمائدین، نوجوانوں اور تاجر برادری نے بھرپور شرکت کرتے ہوئے حکومتی پالیسیوں کے خلاف شدید ردعمل کا اظہار کیا۔ تفصیلات کے مطابق جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمن کی کال پر اور صوبائی امیر کی ہدایات کے مطابق جمعہ کو بلوچستان بھر میں احتجاجی مظاہروں اور ریلیوں کا انعقاد کیا گیا۔ تمام اضلاع میں کارکنوں، علماء کرام، تاجروں اور مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ مقررین نے اپنے خطابات میں ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی، بدامنی، لاقانونیت، بے روزگاری، کرپشن، پٹرولیم مصنوعات میں مسلسل من مانی اضافے اور حکومت کی عوام دشمن پالیسیوں کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا۔ قائدین کا کہنا تھا کہ عوام دو وقت کی روٹی، روزگار اور امن کے لیے پریشان ہیں جبکہ حکمران شاہ خرچیوں اور ناکام پالیسیوں میں مصروف ہیں۔ جے یو آئی کی قیادت نے واضح کیا کہ یہ تحریک کسی جماعت کی نہیں بلکہ عوام کے حقوق کی تحریک ہے، اور مسائل کے حل تک احتجاجی سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ ضلع قلعہ سیف اللہ تحصیل مسلم باغ میں صوبائی امیر مولانا عبدالواسع کی قیادت میں ہزاروں افراد پر مشتمل ایک تاریخی ریلی نکالی گئی، جو مختلف شاہراہوں سے گزرتی ہوئی بڑے جلسے میں تبدیل ہوگئی۔ کوئٹہ میں بھی ایک عظیم الشان احتجاجی ریلی نکالی گئی، جہاں ہزاروں افراد نے شرکت کرتے ہوئے حکومت کے خلاف شدید نعرے بازی کی اور عوامی مطالبات پیش کیے۔ ضلع زیارت تحصیل سنجاوی میں صوبائی ترجمان جے یو آئی بلوچستان حاجی دلاور خان کاکڑ کی قیادت میں ایک بڑی، منظم اور تاریخی احتجاجی ریلی نکالی گئی، قلعہ عبداللہ، خضدار، قلات، موسیٰ خیل، چمن، ہرنائی، ژوب، شیرانی، مستونگ، نوشکی، چاغی، واشبدین، پشین، کچھی، سبی، تربت، گوادر، آواران، لسبیلہ، حب، ڈکی، نصیر آباد، جعفر آباد، کچھی، سبی، کوہلو، سوراب، تربت، گوادر، بولان، بارکھان، واشک اور بلوچستان کے دیگر تمام اضلاع میں بھی بڑے پیمانے پر احتجاجی ریلیاں، مظاہرے اور اجتماعات منعقد کیے گئے، جن میں عوام، علماء کرام اور تاجر برادری کی کثیر تعداد نے شرکت کر کے حکومت کے خلاف اپنے شدید تحفظات اور مطالبات کا اظہار کیا۔

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام مہنگائی، بدامنی، حکومتی نااہلی اور عوامی مسائل کے خلاف ایک عظیم الشان احتجاجی ریلی نکالی گئی جس میں کارکنوں، علماء کرام، تاجروں اور مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ریلی سے ضلعی امیر مولانا عبدالرحمن رفیق، مفتی محمد روزی خان، ملک سکندر خان، حاجی عین اللہ شمس، حسین احمد شرودی، حاجی بشیر احمد کاکڑ، عبدالاحد، مولانا محب اللہ، مولانا حفیظ سلیمان، حاجی اختر محمد کاکڑ، عبدالمنان، رحمت اللہ، حافظ مسعود احمد، عبدالصمد حقانی، عابد اللہ سمیت دیگر مقررین نے خطاب کیا۔ مقررین نے اپنے خطاب میں ملک بھر، کوئٹہ اور بلوچستان میں بڑھتی ہوئی بدامنی، قتل و غارت گری، ڈکیتیوں، اغوا برائے تاوان اور شہریوں کے جان و مال کے عدم تحفظ پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ قیام امن اور عوام کے تحفظ کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے مہنگائی کے بے قابو طوفان، اشیائے خورد و نوش، بجلی، گیس اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کو عوام دشمن پالیسی قرار دیتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا کہ عوام کو فوری ریلیف فراہم کیا جائے اور مؤثر معاشی حکمت عملی کے ذریعے مہنگائی پر قابو پایا جائے۔ مقررین نے بے روزگاری میں اضافے پر بھی گہری تشویش ظاہر کرتے ہوئے وفاقی و صوبائی حکومتوں پر زور دیا کہ نوجوانوں کے روزگار کے نئے مواقع پیدا کیے جائیں اور بھرتیوں میں میرٹ اور شفافیت کو یقینی بنایا جائے۔ اجتماع میں حکومت بلوچستان کی جانب سے مدارس کے حوالے سے کیے گئے وعدوں پر عمل درآمد نہ ہونے کو بھی شدید تنقید کا نشانہ بنایا گیا اور اسے دینیہ کے حوالے سے غیر سنجیدہ رویہ قرار دیا گیا۔ ریلی کے اختتام پر جمعیت علمائے اسلام کے کارکنوں اور ذمہ داران نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ جماعتی نظم کے تحت اپنی قیادت کی ہر ہدایت پر مکمل اتحاد کے ساتھ عمل درآمد جاری رکھیں گے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 5 Dated 23 MAY 2026 Page No. 18


## حب اور گردونواح میں سورج آگ اگلنے لگا، بجلی غائب، کوئٹہ کراچی شاہراہ پر احتجاج

**درجہ حرارت 42 ڈگری سینٹی گریڈ تک جا پہنچا، عوام کے گڈانی موڑ کے قریب احتجاج کے باعث چھوٹی بڑی گاڑیوں کی قطاریں لگ گئیں**

حب (نمائندہ انتخاب) حب، گڈانی اور ساکران میں بجلی بحران شدت اختیار کر گیا، درجہ حرارت 42 ڈگری سینٹی گریڈ میں کے الیکٹرک کی اعلانیہ و غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے شہریوں کی چیخیں نکال دیں، حب شہر، ساکران اور مضافاتی علاقوں میں بجلی نہ ہونے کے برابر جبکہ گڈانی کے متعدد علاقے گزشتہ کئی دنوں سے اندھیرے میں ڈوبے ہوئے ہیں، جمعہ کی شب بجلی کے الیکٹرک کے ستائے گڈانی کے مکین سڑکوں پر نکل آئے گڈانی موڑ کے قریب احتجاجاً کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ بلاک کر دی اور کے الیکٹرک کے خلاف نعرے بازی کی اور فوری بجلی بحال کرنے کا مطالبہ کیا، کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ بلاک ہونے کے باعث چھوٹی بڑی گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں اس موقع پر مظاہرین کا کہنا تھا کہ کے الیکٹرک کی زیادتیاں عروج پر پہنچ گئیں گڈانی کے متعدد علاقے گزشتہ کئی دنوں سے اندھیرے میں ڈوبی ہوئی ہیں گرمی میں بجلی کی بندش سے گڈانی کے مکینوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ایک جانب گرمی کی لہر تو دوسری طرف

بقیہ نمبر 5 صفحہ 5 پر

کے الیکٹرک کی جانب سے کی جانے والی اعلانیہ و غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے اذیت میں مبتلا کر دیا ہے جبکہ گزشتہ کئی دنوں سے گڈانی کے مختلف علاقوں و محلوں میں بجلی مکمل طور پر معطل ہے اس حوالے سے بارہا کے الیکٹرک حکام کو شکایات کی گئیں لیکن کسی قسم کی شنوائی نہیں ہوئی بجلی کی طویل بندش کے باعث پانی کی بھی قلت پیدا ہوگئی ہے قبل ازیں SHO گڈانی طارق رحیم جاموٹ نے پہنچ کر مظاہرین سے مذاکرات کیے اور یقین دہانی کے بعد مظاہرین نے اپنا احتجاج ختم کر دیا اور یہ پرامن طور پر منتشر ہو گئے مزید برآں حب میں بھی کے الیکٹرک کی اعلانیہ و غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے اس حوالے سے حب کے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ ڈپٹی کمشنر حب نے کے الیکٹرک کی جانب سے کی جانے والی طویل دورانیے کی لوڈشیڈنگ کا تو نوٹس لے لیا جس کے بعد کے الیکٹرک افسران و عملے نے شہریوں کو مزید ستانا شروع کر دیا ہے اور بجلی لوڈشیڈنگ دورانیہ میں مزید اضافہ کر دیا ہے حالانکہ کے الیکٹرک کی جانب سے حب شہر کیلئے لوڈشیڈنگ شیڈول جاری کر دیا گیا ہے لیکن شیڈول سے ہٹ کر کئی کئی گھنٹے بجلی بند ہونا روز کا معمول بن گیا ہے علی الصبح ساڑھے 5 بجے سے صبح ساڑھے 9 بجے تک بجلی بند رکھا جاتا ہے حالانکہ مذکورہ دورانیہ لوڈشیڈنگ شیڈول میں شامل ہی نہیں ہے اسی طرح سے رات کے درمیانی اور آخری پہر میں بھی بجلی بند کر دیا جاتا ہے حب عوامی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر حب سے کے الیکٹرک افسران کی زیادتیوں اور ہٹ دھرمی کا نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

## بی، ایرانی پیٹرول، سبزیوں اور مویشیوں کی قیمتیں آسمان پر

**پرائس کنٹرول کمیٹی غیر فعال، عوامی حلقوں کا ضلعی انتظامیہ سے قیمتوں میں کمی کا مطالبہ**

بی (نامہ نگار) بی و گردونواح میں عید قربان کی آمد پر سبزیوں اور ایرانی پیٹرول کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں، مہنگائی نے عوام کو مزید مشکلات و مالی بحران کا شکار کر دیا، جانوروں کی قیمتیں بھی آسمان پر پہنچ گئیں، سرکار خاموش تماشائی۔ بی و گردونواح میں ٹماٹر، سبز مرچ سمیت سبزیوں کی قیمتوں میں کئی گنا اضافہ ہو گیا جبکہ بی و گردونواح میں ایرانی پیٹرول تین سو روپے سے زائد فی لیٹر پر فروخت ہونے لگا، دوسری جانب جانوروں کی قیمتوں میں اضافے سے عید قربان پر سینکڑوں افراد سنت ابراہیمی ادا کرنے سے محروم ہو گئے، مہنگائی، بے روزگاری میں اضافے سے کئی گھرانوں کے چولہے ٹھنڈے پڑ چکے، مہنگائی کو کنٹرول کرنے کے لئے پرائس کنٹرول کمیٹی نے چپ کا روزہ رکھ لیا، جبکہ ایرانی پیٹرول اور جانوروں کی قیمتوں میں اضافہ کی روک تھام میں ضلعی انتظامیہ ناکام دکھائی دیتی ہے۔ عوامی، سماجی، سیاسی حلقوں نے کمشنر بی ڈویژن، ڈپٹی کمشنر، اسسٹنٹ کمشنر سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی طرز پر ایرانی پیٹرول کی قیمتوں کو کنٹرول اور سبزیوں کی بڑھتی ہوئی قیمتوں میں کمی لا کر عوام کو ریلیف فراہم کرے۔

## بسیمہ زراعت کا دفتر خستہ حالی کا شکار، زمینداروں کو مشکلات

**دفتر میں کئی ملازمین تعینات ہیں، مگر اس کے باوجود زمینداروں کو سہولیات کی فراہمی نہ ہونے کے برابر ہے، رپورٹ**

بسیمہ (نمائندہ خصوصی) واشک کے محکمہ زراعت کا بسیمہ میں قائم دفتر عرصہ دراز سے موجود ہے، تاہم متعلقہ آفیسران کی عدم دلچسپی اور غفلت کے باعث یہ عمارت اب کھنڈرات کا منظر پیش کر رہی ہے۔ علاقہ مکینوں کے مطابق دفتر کی عمارت آج بھی موجود ہے مگر محکمہ کے آفیسران خود کو دفتر کا پابند بنانے کے بجائے عدم توجہی کا مظاہرہ کر رہے ہیں، جس کے باعث دفتر عملی طور پر غیر فعال ہو چکا ہے۔ ذرائع کے مطابق اس دفتر میں محکمہ زراعت کے کئی ملازمین تعینات ہیں، مگر اس کے باوجود زمینداروں کو سہولیات کی فراہمی نہ ہونے کے برابر ہے۔ مقامی کسانوں کا کہنا ہے کہ بسیمہ کے زمینداروں کے لئے آنے والے بیج، کھاد اور دیگر زرعی سامان کی شفاف تقسیم کے بجائے بندر بانٹ کی شکایات عام ہیں، جس سے حقیقی اور مستحق کسان محروم رہ جاتے ہیں۔ علاقہ مکینوں نے بتایا کہ دفتر بازار کے عقب میں واقع ہے اور اطراف میں مسلسل تعمیرات کے باعث دفتر کو جانے والے تمام راستے بند کر دیے گئے ہیں۔ مزید برآں دفتر کی باقاعدہ چار دیواری بھی موجود نہیں، البتہ اس کے نشانات آج بھی موجود ہیں۔ عوامی حلقوں نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو محکمہ کی زمین بھی قبضہ مافیا کے نرغے میں آسکتی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ آفیسران کی عدم دلچسپی کے باعث دفتر مکمل طور پر لاوارث بن چکا ہے جبکہ سائلین اور زمیندار شدید پریشانی کا شکار ہیں۔ عوامی و سماجی حلقوں نے محکمہ زراعت کے صوبائی حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر صورتحال کا نوٹس لیتے ہوئے دفتر کو فعال بنایا جائے، راستے واگزار کرائے جائیں ہوسکیں۔

# کوئٹہ واٹر چینل منصوبے کیلئے جامع پلان تیار کرنے کا فیصلہ!

یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں اس وقت پانی کی شدید قلت پیدا ہو رہی ہے شہر کے کئی علاقوں میں پانی نہیں ہے جس کے باعث عوام کی ایک بڑی تعداد پانی جیسی بنیادی شے سے محروم ہے جو کہ ان کے ساتھ بہت بڑی زیادتی کے مترادف ہے۔کوئٹہ میں پانی کی کمی کا مسئلہ ایک عرصے سے چل رہا ہے اس سلسلے میں ہم نے ان ہی سطور میں کئی مرتبہ ذکر اور اس ضمن میں تجاویز بھی دی ہیں چونکہ یہ بڑا احساس معاملہ ہے اس پر کئی اداروں نے مختلف سیمینار اور تقاریب بھی منعقد کی ہیں۔جن میں مقررین نے اس اہم موضوع پر اپنے خیالات کا اظہار کیا اور مختلف آراء میں تجاویز بھی دیں۔لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ متعلقہ ادارے اس ضمن میں اقدامات کرنے سے گریزاں ہیں جو کہ ان کی کارکردگی پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔

گزشتہ روز اس اہم مسئلے کو لے کر کمشنر کوئٹہ شاہزیب خان کاکڑ نے اجلاس طلب کیا جس میں کوئٹہ ماسٹر پلان شہر کی توسیع سے متعلق غور و خوض کیا گیا۔اجلاس میں کوئٹہ شہر کی بڑھتی ہوئی آبادی اور مستقبل کی ضروریات کے پیش نظر ماسٹر پلان کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب کاکڑ نے ہدایت کی کہ کوئٹہ واٹر چینل منصوبے کے لیے جامع پلان تیز کیا جائے۔واٹر چینل، واچ ٹاورز، سٹوریج ٹینکس، اور واٹر بارویسٹنگ سسٹم کے ذریعے برساتی پانی کے ضیاع کو روک کر زیرزمین پانی کی سطح میں خاطر خواہ اضافہ کیا جا سکتا ہے۔اگر برساتی پانی کو موثر انداز میں محفوظ کیا جائے۔تو نہ صرف پانی کی قلت پر قابو پایا جا سکتا ہے بلکہ مستقبل میں شہر کو ماحولیاتی اور آبی بحران سے بھی بچا جا سکتا ہے۔قبل ازیں اجلاس کو بتایا گیا کہ کوئٹہ میں ہر سال ہزاروں ایکڑ فٹ برساتی پانی مختلف نالوں کے ذریعے ضائع ہو جاتا ہے جس کے باعث زیرزمین پانی کی سطح میں اضافے کے لیے واٹر چینل کی تعمیر ناگزیر قرار دی گئی۔

ہم سمجھتے ہیں کہ کوئٹہ واٹر چینل منصوبے کی تعمیر ناگزیر ہے اس سلسلے میں مذکورہ اجلاس میں کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کا خطاب قابل تعریف ہے۔جس میں زیرزمین پانی کی سطح کو بلند کرنے اور اس سلسلے میں اقدامات اٹھانے کی جو تجاویز پیش کی گئی۔اس کے مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔کوئٹہ میں بارش کے پانی کا ضیاع ہونا اور اس کو ذخیرہ نہ کرنے کے ساتھ ساتھ ڈیمز کے بنانے کے حوالے سے ہم نے ان ہی سطور پر متعدد بار ذکر کیا ہے اس لیے ایسے اقدامات ناگزیر ہیں۔

یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کے مذکورہ اجلاس سے خطاب اور اس میں کوئٹہ واٹر چینل کی تعمیر کو ناگزیر برقرار دینے سے متعلق اقدامات کو عملی جامہ پہنانے کے لیے اقدامات کرنے چاہئیں کیونکہ ایسا کرنا اس وقت نہایت ہی ناگزیر ہے اس کے ساتھ برساتی پانی کو ذخیرہ کرنے کے لیے ڈیمز بھی بنائے جائیں اگر زیرزمین پانی کی سطح کو نیچے گرنے سے روکنے کے لیے اقدامات نہ کیے گئے تو یہ صورتحال مزید خراب ہو سکتی ہے جو کہ تشویشناک ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 23 MAY 2026 Page No. 20


## وفاق اور بلوچستان کے درمیان ہم آہنگی مضبوط بنانے پر اتفاق

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گذشتہ روز اسپیکر قومی اسمبلی سرد [illegible] باہمی دلچسپی کے امور، قومی سیاسی صورتحال، وفاق اور بلوچستان کے درمیان تعاون، اور صوبے کی مجموعی ترقی سے متعلق معاملات پر [illegible] تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاق اور صوبوں کے درمیان مضبوط روابط کسی بھی وفاقی ریاست کے استحکام، ترقی اور قومی یکجہتی کیلئے بنیادی حیثیت رکھتے ہیں۔ پاکستان جیسے متنوع جغرافیہ، ثقافت اور سیاسی ساخت رکھنے والے ملک میں یہ ضرورت مزید اہم ہو جاتی ہے کہ تمام صوبوں کو مساوی توجہ، وسائل اور نمائندگی فراہم کی جائے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کے درمیان حالیہ ملاقات اسی تناظر میں نہایت اہم پیش رفت قرار دی جاسکتی ہے، جس میں بلوچستان کی ترقی، امن وامان، وفاقی تعاون اور بین الصوبائی ہم آہنگی جیسے اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ بلوچستان پاکستان کا رقبے کے لحاظ سے سب سے بڑا مگر آبادی کے اعتبار سے نسبتاً کم ترقی یافتہ صوبہ ہے۔ قدرتی وسائل سے مالا مال ہونے کے باوجود بلوچستان کئی دہائیوں سے پسماندگی، بنیادی سہولیات کی کمی، بے روزگاری اور امن وامان کے مسائل کا سامنا کرتا رہا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ صوبے کی ترقی ہمیشہ قومی سیاسی اور معاشی مباحث کا اہم موضوع رہی ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے جاری ترقیاتی منصوبوں اور عوامی فلاحی اقدامات پر بریفنگ دینا اس امر کی نشاندہی کرتا ہے کہ صوبائی حکومت ترقیاتی عمل کو تیز کرنے کیلئے سنجیدہ کوششیں کر رہی ہے۔ اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ بلوچستان کی پائیدار ترقی صرف صوبائی وسائل یا محدود انتظامی اقدامات سے ممکن نہیں۔ وفاقی حکومت کی مکمل معاونت، وسائل کی منصفانہ تقسیم اور سیاسی حمایت اس عمل کیلئے ناگزیر ہے۔ میر سرفراز بگٹی کا یہ مؤقف بالکل درست ہے کہ بلوچستان کو قومی دھارے میں مؤثر انداز میں شامل کرنے کیلئے وفاق اور صوبے کے درمیان اعتماد اور تعاون کو مزید مضبوط بنانا ہوگا۔ اگر بلوچستان ترقی کرے گا تو اس کے ثمرات صرف صوبے تک محدود نہیں رہیں گے بلکہ پورے پاکستان کی معیشت، تجارت اور قومی سلامتی کو فائدہ پہنچے گا۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی جانب سے بلوچستان کے عوام کی بہتری کیلئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی خوش آئند ہے۔ یہ بیان اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ وفاقی سطح پر بلوچستان کی اہمیت اور حساسیت کو سمجھا جا رہا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ بلوچستان پاکستان کی جغرافیائی، اقتصادی اور تزویراتی اہمیت کا مرکز ہے۔ گوادر بندرگاہ، معدنی وسائل، ساحلی پٹی اور علاقائی روابط کے تناظر میں بلوچستان نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے کیلئے کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ تاہم ترقیاتی منصوبے اسی وقت مؤثر ثابت ہو سکتے ہیں جب امن وامان کی صورتحال بہتر ہو۔ بلوچستان کئی برسوں سے دہشت گردی، تخریب کاری اور علیحدگی پسند عناصر کی کارروائیوں سے متاثر رہا ہے۔ دشمن قوتیں صوبے کی ترقی اور استحکام کو نقصان پہنچانے کیلئے مسلسل سرگرم ہیں۔ ایسے حالات میں وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے درمیان ہم آہنگی مزید ضروری ہو جاتی ہے تاکہ ایک جامع حکمت عملی کے ذریعے نہ صرف سکیورٹی صورتحال بہتر بنائی جاسکے بلکہ عوام کو ترقی کے ثمرات بھی پہنچائے جائیں۔ پارلیمانی امور اور بین الصوبائی ہم آہنگی پر گفتگو بھی اس ملاقات کا اہم پہلو تھا۔ مضبوط پارلیمانی نظام ہی جمہوری استحکام کی بنیاد ہوتا ہے۔ اگر سیاسی قیادت قومی مسائل پر مشترکہ حکمت عملی اپنائے تو نہ صرف صوبوں کے درمیان اعتماد بڑھے گا بلکہ قومی سطح پر سیاسی کشیدگی میں بھی کمی آئے گی۔ پاکستان کو اس وقت سیاسی استحکام، معاشی بحالی اور قومی یکجہتی کی شدید ضرورت ہے، اور یہ مقاصد صرف مکالمے، تعاون اور آئینی اداروں کی مضبوطی سے ہی حاصل ہو سکتے ہیں۔ بلوچستان کے عوام کی سب سے بڑی خواہش یہی ہے کہ انہیں ترقی، روزگار، تعلیم، صحت اور بنیادی سہولیات کے مساوی مواقع میسر آئیں۔ وفاق اور صوبائی حکومت اگر خلوص نیت، شفافیت اور مستقل مزاجی کے ساتھ کام کریں تو بلوچستان کو ترقی کے ایک نئے دور میں داخل کیا جاسکتا ہے۔ اس کیلئے ضروری ہے کہ ترقیاتی منصوبے صرف اعلانات تک محدود نہ رہیں بلکہ ان پر بروقت اور مؤثر عملدرآمد بھی یقینی بنایا جائے۔ یہ ملاقات ایک مثبت سیاسی اشارہ ہے کہ وفاق اور بلوچستان کے درمیان رابطے اور تعاون کو مضبوط بنانے کی کوششیں جاری ہیں۔ اب ضرورت اس امر کی ہے کہ ان ملاقاتوں کے نتائج عملی اقدامات کی صورت میں سامنے آئیں تاکہ بلوچستان کے عوام خود کو قومی ترقی کے عمل کا حقیقی حصہ محسوس کر سکیں۔ پاکستان کی مضبوطی اور خوشحالی دراصل تمام صوبوں کی مساوی ترقی اور قومی اتحاد میں مضمر ہے، اور بلوچستان اس قومی وحدت کا ایک انتہائی اہم ستون ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

No. 6 Dated: 23 MAY 2026 Page No. 01


# بلوچستان میں کھجور کی پیداوار اور موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات

بلوچستان پاکستان کی زرعی معیشت میں ایک اہم مقام رکھتا ہے، لیکن اگر کسی ایک زرعی پیداوار کو اس صوبے کی شناخت کہا جائے تو وہ کھجور ہے۔ خصوصاً مکران ڈویژن کے اضلاع تربت اور پنجگور اپنی اعلیٰ معیار کی کھجوروں کی وجہ سے نہ صرف پاکستان بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی شہرت رکھتے ہیں۔ پاکستان دنیا کے بڑے کھجور پیدا کرنے والے ممالک میں شامل ہے، اور اس قومی پیداوار میں بلوچستان کا کردار انتہائی اہم ہے۔ فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن کے اعداد و شمار کے مطابق سال 2020-21 میں بلوچستان نے 321.07 ہزار ٹن کھجور پیدا کی، جبکہ پورے پاکستان کی مجموعی پیداوار تقریباً 560 ہزار ٹن رہی۔ اس حساب سے بلوچستان اکیلا پاکستان کی تقریباً 57 فیصد کھجور پیداوار فراہم کر رہا تھا، جو اس شعبے میں صوبے کی غیر معمولی اہمیت کو ظاہر کرتا ہے۔ اسی سال بلوچستان میں کھجور کا زیرِ کاشت رقبہ 53.560 ہزار ہیکٹر ریکارڈ کیا گیا، جو ملک میں سب سے زیادہ تھا۔ یہ اعداد و شمار اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ بلوچستان پاکستان کی کھجور معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ بلوچستان کے اندر بھی مکران ڈویژن کھجور کی پیداوار کا اصل مرکز سمجھا جاتا ہے، جبکہ تربت اور پنجگور اس صنعت کے سب سے اہم اضلاع ہیں۔ اندازاً بلوچستان کی مجموعی کھجور پیداوار کا 70 فیصد سے زائد حصہ انہی علاقوں سے حاصل ہوتا ہے۔ پنجگور خاص طور پر موزاتی کھجور کی وجہ سے عالمی شہرت رکھتا ہے اسی طرح بیگم جنگی، الینی، کہرابا اور دیگر اقسام بھی مکران کی اہم زرعی پہچان ہیں۔ ان علاقوں میں ہزاروں خاندانوں کا روزگار کھجور کی پیداوار، پیکنگ، نقل و حمل اور تجارت سے وابستہ ہے، اس لیے کھجور صرف ایک فصل نہیں بلکہ مقامی معیشت، ثقافت اور معاشرت کا اہم حصہ بن چکی ہے۔ تاہم حالیہ برسوں میں موسمیاتی تبدیلیوں نے بلوچستان خصوصاً مکران کے زرعی نظام کو شدید متاثر کرنا شروع کر دیا ہے۔ دنیا بھر کی طرح پاکستان بھی موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے محفوظ نہیں رہا، اور بلوچستان ان خطوں میں شامل ہے جہاں درجہ حرارت میں مسلسل اضافہ، بارشوں کے بدلتے پیٹرن، طویل خشک سالی اور پانی کی قلت جیسے مسائل تیزی سے بڑھ رہے ہیں۔ انہی تبدیلیوں کے اثرات اب کھجور کے درختوں کے قدرتی حیاتیاتی نظام میں بھی واضح طور پر نظر آنے لگے ہیں۔ روایتی طور پر کھجور کے درختوں میں خوشے اور


تحریر: حامد ابراہیم آزاد


پھول فروری اور مارچ کے مہینوں میں نمودار ہوتے ہیں، پھر آہستہ آہستہ ان پر پھل بنتا ہے اور گرمیوں تک کھجور پکنے کے مراحل میں داخل ہو جاتی ہے۔ اس کے علاوہ مسلسل یا غیر موسمی flowering درخت کو جسمانی طور پر کمزور بھی کر سکتی ہے۔ درخت اپنی توانائی بار بار reproductive growth پر خرچ کرتا ہے، جس کی وجہ سے اگلے سال کی فصل متاثر ہونے کا خدشہ بڑھ جاتا ہے۔ پیداوار میں کمی، خوشوں کی کم تعداد اور کمزور flowering مستقبل میں کسانوں کے لیے معاشی مسائل پیدا کر سکتی ہے۔ موزاتی جیسی حساس اقسام خاص طور پر موسمی توازن کی محتاج ہوتی ہیں، اس لیے stress climate ان اقسام کے معیار اور پیداوار دونوں پر حتمی اثر ڈال سکتا ہے۔ گزشتہ کئی سالوں سے بے وقت کی بارشوں کی وجہ سے موزاتی جیسے اہم اور حساس ورائٹی کو شدید موسمی دباؤ کا سامنا ہے جس سے ہر سال ہزاروں ٹن کھجور ضائع ہو رہی ہے۔ موسمیاتی تبدیلیوں کا ایک اور اہم اثر بیماریوں اور کیڑوں کے حملوں میں اضافے کی صورت میں بھی سامنے آ رہا ہے۔ جب موسم غیر متوازن ہو جائے اور نمی یا درجہ حرارت میں غیر معمولی تبدیلیاں پیدا ہوں تو فنگس، پھپھوندی اور دیگر بیماریوں کے پھیلنے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔ اسی طرح کئی نقصان دہ کیڑے بھی زیادہ متحرک ہو جاتے ہیں۔ گزشتہ چند برسوں میں کھجور کے درختوں پر کھجور کے سونڈے (PalmRed Weevil) جسے لوکل زبان میں تونغ کہا جاتا ہے، اس کے حملوں میں نمایاں اضافہ دیکھا گیا ہے، خصوصاً موزاتی اور شکر جیسی حساس اقسام زیادہ متاثر ہو رہی ہیں۔ یہ خطرناک کیڑا درخت کے تنے کو اندر سے کھوکھلا کر دیتا ہے، جس کے نتیجے میں ایک صحت مند اور تناور درخت بھی ایک سے دو سال کے اندر مکمل طور پر تباہ ہو سکتا ہے۔ اسی طرح وقت پر بارشیں نہ ہونے اور شدید گرمی کی وجہ سے کھجور کے درختوں پر مائیٹس کے حملے میں اضافہ ہوتا ہے۔ یہ باریک کیڑے پھل اور پتوں پر جال بنا دیتے ہیں، جس سے پھل کی نشوونما متاثر ہوتی ہے، رنگت خراب ہو جاتی ہے اور پیداوار و معیار دونوں میں نمایاں کمی واقع ہوتی ہے۔ ان وجوہات کی بنا پر managementcrop مزید مشکل اور مہنگا ہو جاتا ہے۔ کسانوں کو زیادہ اسپرے، اضافی آبپاشی اور بہتر نگرانی کی ضرورت پڑتی ہے، جس سے زرعی اخراجات میں نمایاں اضافہ ہوتا ہے۔ پانی کا مسئلہ بھی بلوچستان میں کھجور کی پیداوار کے لیے ایک بڑا چیلنج بنتا جا رہا ہے۔ اگرچہ کھجور کو نسبتاً خشک علاقوں کی فصل سمجھا جاتا ہے، لیکن مسلسل drought، زیرِ زمین پانی کی کمی اور شدید گرمی درختوں کی صحت پر اثر انداز ہو رہی ہے۔ مکران کے کئی علاقوں میں زیرِ زمین پانی کی سطح خطرناک حد تک نیچے جا چکی ہے، جبکہ بارشوں کے غیر متوقع نظام نے روایتی زرعی شیڈول کو بھی متاثر کیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اب کسانوں کو آبپاشی کے نئے طریقوں کی طرف توجہ دینا پڑ رہی ہے۔ اگر موسمیاتی تبدیلیوں کا یہی رجحان برقرار رہا تو مستقبل میں بلوچستان کی کھجور معیشت کو سنگین خطرات لاحق ہو سکتے ہیں۔ کھجور نہ صرف مقامی معیشت بلکہ پاکستان کی زرعی برآمدات میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔ اعلیٰ معیار کی پاکستانی کھجوریں مشرقِ وسطیٰ، یورپ اور دیگر بین الاقوامی مارکیٹوں میں برآمد کی جاتی ہیں۔ اگر پیداوار اور معیار متاثر ہوا تو اس کا براہِ راست اثر کسانوں کی آمدنی، مقامی تجارت اور ملکی برآمدات پر پڑ سکتا ہے۔ بلوچستان کی کھجور صرف ایک زرعی پیداوار نہیں بلکہ اس خطے کی معیشت، ثقافت اور شناخت کا اہم حصہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے ان بڑھتے ہوئے اثرات کو سنجیدگی سے سمجھنا اور بروقت اقدامات کرنا ناگزیر ہو چکا ہے، تاکہ آنے والی نسلیں بھی مکران کی مشہور کھجوروں کی خوشبو، مٹھاس اور زرعی اہمیت سے مستفید ہو سکیں۔


CamScanner